مفتی اعظم مصر

علامہ سید احمد طحطاوی حنفی علیہ الرحمۃ

تالیف:
عبدالحق انصاری

فقیہ اعظم پبلی کیشنز دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور (اوکاڑا)

مفتیٔ اعظم مصر

علامہ سید احمد طحطاوی حنفی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(وفات ۱۲۳۱ھ/۱۸۱۶ء)

تالیف

عبدالحق انصاری

-----ناشر-----

فقیہ اعظم پبلی کیشنز بصیر پور شریف

ضلع اوکاڑا (پاکستان)

نام کتاب	علامہ سید احمد طحطاوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
تالیف	عبدالحق انصاری
صفحات	64
حروف سازی	نوری کمپوزنگ سنٹر، بصیر پور شریف (اوکاڑا)
کمپیوٹر کوڈ	E:\NASEER\TAHTAVI.INP
طبع اول	۱۴۲۵ھ/۲۰۰۵ء
ناشر	فقیہ اعظم پبلی کیشنز، بصیر پور شریف ضلع اوکاڑا
مطبع	شرکت پرنٹنگ پریس، لاہور
قیمت	تیس روپے

--- ملنے کے پتے ---

- انجمن حزب الرحمٰن، بصیر پور ضلع اوکاڑا
- ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور
- فرید بک سٹال، 38-اردو بازار، لاہور
- شبیر برادرز، 40-اردو بازار، لاہور
- بہاء الدین زکریا لائبریری، چھونبی (Chhunbi) تحصیل چوآسیدن شاہ ضلع چکوال
- مکتبہ اشرفیہ، منڈی مرید کے، ضلع شیخوپورہ
- مکتبہ قادریہ، محمود شہید روڈ، شاہدرہ، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

کچھ بیاں اپنا

استاذ الاساتذہ، فخر الجہابذہ، مجمع علم و عرفان، مفسر قرآن حضرت صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی کا سلسلۂ سندان کے شیخ طریقت شیخ الکل حضرت شاہ محمد گل قادری کابلی (۱۲۵۸ھ-۱۳۳۰ھ) کی وساطت سے حرمین شریفین اور دیگر بلاد عرب کے جید اور ممتاز ترین علماء ومشائخ سے مربوط ہے---

حضرت شیخ الکل کابلی کو اپنے شیخ حضرت سید محمد مکی کتنی خلوتی (۱۲۸۰ھ-۱۳۲۳ھ) امام و خطیب و مدرس مسجد حرام کی وساطت سے امام طحطاوی حنفی (م ۱۲۱۳ھ) اور علامہ شیخ عبداللہ بن حجازی شرقاوی مصری (۱۱۵۰ھ-۱۲۲۷ھ) کی مرویات کی اجازت حاصل ہوئی---

حضرت صدر الافاضل نے اپنے شیخ شاہ محمد گل کی ان جید اسانید کو ''الکتاب المستطاب المحتوی علی الاسانید الصحیحۃ'' کے عنوان سے مرتب کیا، جو ''ثبت نعیمی'' کے نام سے معروف ہے--- حضرت صدر الافاضل کی یہ کاوش لائق صد ہزار تحسین ہے--- آپ نے ان نادر علمی اسانید سے برصغیر کے علمی حلقوں کو متعارف کرایا، جب کہ عالم عرب میں علامہ طحطاوی کی سند ابھی تک طبع نہیں ہوئی، پتا چلا ہے کہ اس کا قلمی نسخہ مصر میں محفوظ ہے--- اسی طرح علامہ شرقاوی کی اسناد بھی ''الجامع الحاوی فی مرویات الشرقاوی'' کے نام سے پہلی بار ۱۹۸۵ء میں دمشق سے طبع ہوئیں--- مگر حیرت سی حیرت ہے کہ حضرت صدر الافاضل کی

اس اہم عربی تصنیف کا ان کے کسی سوانح نگار نے تذکرہ نہیں کیا--- جس کی بنیادی وجہ سند کی اہمیت سے بے اعتنائی ہی قرار دی جا سکتی ہے، جب کہ عالم عرب میں اس قسم کی کاوش کو بنظر استحسان دیکھا جاتا ہے---

حضرت صدر الافاضل قدس سرہ العزیز نے اپنے تلمیذ و خلیفہ سیدی وابی حضرت فقیہ اعظم مولانا محمد نور اللہ نعیمی قدس سرہ العزیز کو ثبت نعیمی کے مطبوعہ نسخہ پر اپنے دستخط و مہر کے ساتھ حدیث، تفسیر، فقہ، دیگر علوم متداولہ، مسلسلات اور اوراد و وظائف کی اسناد و اجازت عطا فرمائی--- بعد ازاں سیدی فقیہ اعظم نے یہی ''ثبت'' اپنے دستخط اور اجازت خاص سے احقر کو عنایت فرمایا---

ثبت نعیمی میں درج اسناد کے حوالے سے محترم عبد الحق انصاری کے دو تحقیقی کتابچے ''فقیہ اعظم پبلی کیشنز'' کی طرف سے شائع ہو چکے ہیں:

۱	مکہ مکرمہ کے کتبی علماء	۲۰۰۳ء
۲	شیخ الازہر عبد اللہ شرقاوی	۲۰۰۴ء

ان دونوں کتابچوں کو علمی حلقوں میں بہت پذیرائی ملی، اب انھی فاضل مصنف نے علامہ طحطاوی کا بڑے علمی و تحقیقی انداز میں تعارف پیش کیا ہے---

مفتی اعظم مصر خاتم المحققین امام طحطاوی فقہ حنفی کے جلیل القدر عالم دین تھے، ان کی تصانیف میں بالخصوص حاشیہ درالمختار اور حاشیہ مراقی الفلاح عرب و عجم کے فقہاء کرام و مفتیان عظام میں متداول و مقبول اور امام طحطاوی کی علمی عظمت اور فقہی جلالت پر شاہد عادل ہیں---

حضرت سیدی صدر الافاضل رحمہ اللہ تعالیٰ کا سلسلۂ اسناد امام طحطاوی حنفی علیہ الرحمہ ایسے جلیل القدر شیخ سے متصل ہے، اسی مناسبت سے آپ کا تعارف شائع کیا جا رہا ہے---

ان شاء اللہ تعالیٰ اہل علم و تحقیق اسے قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے اور مصنف کی کاوشوں کو داد دیے بغیر نہیں رہ سکیں گے---

(صاحب زادہ) محمد محب اللہ نوری
دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف
ضلع اوکاڑا، پاکستان

ھدیّہ

چوتھی صدی ہجری کے قاہرہ میں جلیل القدر عالم، محدث، فقیہ حنفی،
صاحب شرح معانی الآثار، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ
ازدی طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۳۲۱ھ/۹۳۳ء)
کی نذر
جن کے پہلو میں مفتیٔ اعظم علامہ سید احمد بن محمد بن اسمٰعیل
طحطاوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی قبر واقع ہے---[O]

[O]......کتاب کا ٹائٹل ان دونوں بزرگوں کے روضہ مبارکہ کی تصویر سے مزین ہے---



حضرت صدر الافاضل علیہ الرحمۃ کے مجموعہ اسناد ''ثبت نعیمی'' کے ٹائیٹل کا عکس

فہرست عنوانات

عنوان	صفحہ
نسب وآبائی وطن	9
ہجرت وولادت	9
تعلیم	10
اساتذہ	10
بیعت وخلافت	13
عملی زندگی	13
مفتیِ اعظم کا منصب	14
علامہ طحطاوی مفتیِ اعظم مصر	14
مفتیِ اعظم کے منصب سے معزولی	14
وہابیہ نجد سے جنگ پر روانگی	16
مفتیِ اعظم کے منصب پر بحالی	18
علامہ ابن عابدین سے روابط	18
عجائب الآثار کے مصنف سے رفاقت	19
وفات	20

مزار	20
اعتراف عظمت	21
تلامذہ	23
تصنیفات	26
حاشیہ درمختار کا تعارف	28
حاشیہ درمختار کی مقبولیت	29
فاضل بریلوی کی کاوش	30
حاشیہ مراقی الفلاح کا تعارف	31
سند الطحطاوی اور مولانا مرادآبادی	32
سند طحطاوی کا تعارف	33
سند فقہ حنفی	33
حوالہ جات وحواشی	39
فہرست مآخذ ومراجع	57

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَهٗ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

خطۂ ہند کے دو اہم علماءِ دین، مولانا احمد رضا خان بریلوی اور مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمہما اللہ تعالیٰ نے ملک مصر کے مشہور فقیہ علامہ سید احمد طحطاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے تصنیفی عمل کو آگے بڑھایا۔ اس تحریر کے ذریعے قارئین کو انھی علامہ طحطاوی کے حالات پر مطلع کرنا، نیز اس موضوع پر فاضل بریلوی و مولانا مرادآبادی کی خدمات کا ذکر اور ان تینوں علماء کے درمیان استوار سلسلۂ روایت کا بیان مقصود ہے۔

نسب و آبائی وطن

علامہ سید احمد بن محمد بن اسمٰعیل طحطاوی کا نسبی تعلق عرب قبیلہ قریش کی سب سے اہم و معزز شاخ بنی ہاشم اور پھر خاتم الانبیاء والمرسلین سیدنا محمد ﷺ بن عبداللہ کی نسل سے ہے۔ سادات کا یہ گھرانہ ترکی کے شہر توقات میں آباد تھا، اسی مناسبت سے آپ توقاتی و دوقاطی کہلائے۔ آپ کے جدِ اعلیٰ علامہ سید محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ولی کامل، عالم جلیل و اس شہر میں ''مفتیِ احناف'' تھے۔

ہجرت و ولادت

علامہ طحطاوی کے والد ماجد بھی حنفی عالم تھے اور عثمانی حکومت کی طرف سے ملک مصر کے علاقہ صعید ادنیٰ کے شہر اسیوط کے قریب مقام طحطا، جسے طہطا و طحا بھی لکھا اور کہا گیا، میں قاضی تعینات تھے، انہوں نے وہیں پر سکونت اختیار کر کے ایک مقامی سادات گھرانہ میں شادی کی، جن سے آپ کے

دو فرزندان احمد و اسماعیل اور ایک بیٹی پیدا ہوئے، حتیٰ کہ انہوں نے خود طہطا میں ہی وفات پائی۔[۱]

کسی تذکرہ نگار نے سید احمد طحطاوی کا سنہ ولادت نہیں لکھا، لیکن آپ کے عزیز دوست و عجائب الآثار کے مصنف علامہ عبدالرحمٰن جبرتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ میں اور سید احمد طحطاوی ہم عمر تھے[۲] اور خود علامہ جبرتی کی ولادت ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء میں ہوئی۔[۳]

تعلیم

علامہ احمد طحطاوی نے ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی سے پائی، نیز قرآن مجید حفظ کیا اور پھر مزید حصول علم کے لیے ۱۱۸۱ھ/ ۶۸-۱۷۶۷ء میں قاہرہ کی راہ لی، جہاں عالم اسلام کی مؤقر و عظیم درس گاہ ازہر یونی ورسٹی میں داخلہ لیا اور وہاں کے اکابر علماء و مشائخ سے تعلیم مکمل کی۔

اساتذہ

آپ کے اوّلین استاذ آپ کے والد گرامی تھے لیکن ان کے حالات دست یاب نہیں، جب کہ قاہرہ میں جن اکابرین سے تعلیم و تربیت پائی نیز سند اجازت پائی، ان کے اسماء گرامی و تعارف یہ ہے:

❁ شیخ احمد بن محمد حماقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء)

فقیہ حنفی، جب کہ آپ کے والد اکابر علماء شافعیہ میں سے تھے[۴] معمر، مدرس جامعہ ازہر اور ۱۱۸۲ھ میں شیخ حسن مقدسی کی وفات پر ان کی جگہ ملک مصر کے "مفتیِ اعظم" تعینات کیے گئے۔[۵]

❁ شیخ حسن بن ابرہیم بن حسن جبرتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء)

قاہرہ میں پیدا ہوئے، وہیں پر وفات پائی، جہاں کے قبرستان تربة الصحراء میں قبر واقع ہے۔ فقیہ حنفی، فلسفیِ اسلام، ماہر فلکیات و توقیت، تاجر، سماجی خدمات میں نمایاں، تقریباً بیس تصنیفات ہیں، جن سے ایک "الاقوال المعربة عن احوال الاشربة" شائع ہوئی۔ دیگر کتب میں "حاشیة علی الدر المختار" نامکمل اور "حقائق الدقائق علی دقائق الحقائق" وغیرہ نام ہیں۔ دارالکتب مصریہ قاہرہ میں آپ کی "اصلاح الاسفار عن وجوہ بعض مخدرات الدر المختار" وغیرہ کے قلمی نسخے محفوظ ہیں۔ آپ ۱۱۵۶ھ میں حج و زیارت کے لیے گئے۔ صوفیہ کے سلاسل نقشبندیہ و سہروردیہ میں مجاز تھے۔ آپ کے دیگر شاگردوں میں ہندوستان کے شہر بلگرام سے قاہرہ ہجرت کرنے والے مشہور عالم و صوفی کامل و مسند کبیر علامہ سید حافظ محمد مرتضیٰ بلگرامی زبیدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۰ء) اہم نام ہے۔ صاحب عجائب الآثار کے والد۔[۶]

علامہ طحطاوی نے آپ سے فقہ حنفی کی کتاب درمختار، کتاب البیوع سے آخر تک پڑھی، نیز علوسند کے لیے آپ سے نورالایضاح بطور خاص پڑھی، کیوں کہ شیخ حسن جبرتی نے یہ کتاب مصنف کے فرزند شیخ حسن بن حسن شرنبلالی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۲۳ھ/۱۷۱۱ء) سے پڑھی تھی۔[۷]

۞ شیخ حسن بن غالب جداوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۰۲ھ/۱۷۸۸ء)

مصر کے شہر رشید کے قریب گاؤں جدّیہ میں پیدا ہوئے اور قاہرہ میں وفات پائی۔ مالکی عالم، محدث، اصولی، جامعہ ازہر میں تعلیم پائی، پھر وہیں پر مدرس ہوئے۔ دارالکتب مصریہ قاہرہ میں آپ کی جاری کردہ ایک سنداجازت موجود ہے، جو خود آپ نے ۱۱۸۴ھ میں قلم بند کی۔ علم حدیث وغیرہ موضوعات پر تین سے زائد تصنیفات ہیں، جن میں ''شرح البیقونیة فی مصطلح الحدیث''، اہم ہے اور مذکورہ کتب خانہ میں آپ کی تصنیف ''رسالة فی تخصیص العام'' بھی خود آپ کے قلم سے موجود ہے۔

علامہ طحطاوی نے آپ سے کتب احادیث وغیرہ میں اجازت پائی۔[۸]

۞ شیخ حسن بن نورالدین مقدسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۸۲ھ/۱۷۶۸ء)

فقیہ حنفی، شاعر، مدرس جامعہ ازہر، عمدۃ المحققین، فقہ حنفی پر تصنیفات ہیں۔ ۱۱۶۹ھ میں اپنے استاذ شیخ سلیمان منصوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات پر ان کی جگہ مفتیِ اعظم تعینات ہوئے۔ علامہ طحطاوی آپ کی وفات سے محض چند ماہ قبل وطن سے قاہرہ وارد ہوئے۔[۹]

۞ شیخ عبدالرحمٰن بن عمر عریشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۹۳ھ/۱۷۷۹ء)

مصر کے علامہ سیناء کے گاؤں عریش کے باشندہ جب کہ قاہرہ کے قبرستان مجاورین میں قبر واقع ہے۔ جامعہ ازہر میں تعلیم پائی، پھر وہیں پر مدرس ہوئے۔ فقیہ حنفی، صوفیہ کے سلسلہ خلوتیہ کے مرشد، جامعہ ازہر میں شعبہ رواق الشام کے سربراہ، ایک تصنیف ''رسالة فی سر الکنیٰ'' کا نام ملتا ہے، جس پر دیگر علماء نے تقاریظ نیز حاشیہ لکھا۔ ۱۱۷۹ھ میں حج وزیارت کے لیے گئے اور ۱۱۸۳ھ کو دارالخلافہ استنبول تشریف لے گئے اور وہاں کتاب الشفاء کا درس دیا کرتے۔ ۱۱۸۶ھ میں آپ پر جذب کی کیفیت طاری رہی اور ۱۱۸۸ھ میں شیخ احمد حماقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے وفات پائی تو ان کی جگہ مصر کے مفتیِ اعظم تعینات کیے گئے۔

علامہ طحطاوی نے ۱۱۸۳ھ میں آپ سے درمختار آغاز سے کتاب البیوع تک پڑھی تھی کہ آپ

سفر استنبول پر روانہ ہو گئے۔[۱۰]

۞ شیخ عبدالعلیم بن محمد فیومی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۱۴ھ/۱۷۹۹ء)

قاہرہ کے قبرستان مجاورین میں قبر واقع ہے۔ مالکی عالم، مدرس جامعہ ازہر، نابینا مگر دل روشن، آپ سے حدیث وغیرہ علوم اخذ کیے۔[۱۱]

۞ شیخ محمد عبدالمعطی حریری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۲۰ھ/۱۸۰۵ء)

قبرستان ازبکیہ قاہرہ میں قبر واقع ہے۔فقیہ، خطاط، پہلے شافعی تھے، پھر حنفی مذہب اختیار کیا۔ ۱۱۹۳ھ میں شیخ عبدالرحمٰن عریشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات پر ان کی جگہ مفتیٔ اعظم تعینات ہوئے۔آئندہ دور میں آپ کے نواسہ کے فرزند، صاحب فتاویٰ مہدیہ، شیخ محمد مہدی حنفی بن شیخ محمد امین بن شیخ محمد مہدی شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۷ء) ''شیخ الازہر'' یعنی ازہر یونی ورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔[۱۲]

علامہ طحطاوی کے سب سے اہم استاذ، جن سے آپ نے متعدد علوم بالخصوص فقہ حنفی اخذ کیے۔علامہ طحطاوی نے خود آپ کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

''شیخی و عمدتی و عدتی و مرجعی شیخ الاسلام و کهف الانام عمده اهل التحقیق و ذروة اهل التدقیق مولانا المخصوص بالعنایة و اللطف الخفی السید الشریف محمد الحریری الازهری الحنفی مفتی الدیار المصریة''---[۱۳]

۞ شیخ محمد بن محمد سنباوی المعروف بہ امیر کبیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۳۲ھ/ ۱۸۱۷ء)

مصر کے علاقہ اسیوط کے گاؤں سنبو میں پیدا ہوئے اور قاہرہ میں وفات پائی ،قبرستان صحراء میں قبر واقع ہے۔فقیہ مالکی، مفسر، مسند، لغوی، صوفیہ کے سلسلۂ شاذلیہ سے وابستہ، مدرس جامعہ ازہر، متعدد تصنیفات ہیں، جن میں سے اکثر حواشی وشروح ہیں۔ان میں سے چودہ شائع ہوئیں، جن میں سے ''حاشیة علی مغنی اللبیب لابن هشام'' اہم ومتداول ہے۔جب کہ ''الوظیفة الشاذلیة'' ۱۸۸۷ء میں مراد آباد سے شائع ہوئی۔دیگر کتب میں تفسیر المعوذتین ،حاشیة علی الحکم العطائیة وغیرہ ہیں، جن میں سے آخر الذکر کا مخطوط مکتبہ مکہ مکرمہ میں ہے۔

آپ سے کتب حدیث وغیرہ میں سند اجازت پائی۔[۱۴]

﴾❁﴿ شیخ مصطفیٰ بن محمد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۹۲ھ/۱۷۷۸ء)

قاہرہ میں پیدا ہوئے، وہیں پر وفات پائی۔ فقیہ حنفی، فرضی، ریاضی داں، صاحب تصانیف کثیرہ، شمائل ترمذی کے شارح۔ کنز الدقائق کی شرح بنام ''توفیق الرحمٰن'' لکھی، پھر خود ہی اس کی تلخیص ''کنز البیان'' تیار کی اور یہ دونوں ہی قاہرہ سے بارہا شائع ہوئیں، جب کہ آخر الذکر بمبئی سے بھی طبع ہوئی۔ کنز الدقائق پر آپ کی تیسری شرح پر شیخ محمد بن منصور یافعی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (۱۲۴۵ھ/۱۸۲۹ء میں زندہ) نے حاشیہ بنام ''المنح الفائق علی وجیز المنهل الرائق علی کنز الدقائق'' لکھا، جس کا مخطوط دار الکتب مصریہ قاہرہ میں ہے۔

علامہ طحطاوی نے آپ سے فقہی علوم پڑھے۔[۱۵]

بیعت و خلافت

علامہ سید احمد طحطاوی کی اپنی تحریر سے واضح ہے کہ آپ نے سلسلۂ خلوتیہ میں بیعت کی[۱۶] لیکن راقم کے پیش نظر مواد میں آپ کے مرشد گرامی کا نام مذکور نہیں۔ خلوتی سلسلۂ طریقت اس دور کے مصر کے اہل ذوق میں مقبولیت میں سب سے بڑھ کر تھا اور خاص قاہرہ میں اس سے وابستہ متعدد اکابر علماء و مشائخ موجود تھے، جن میں سے متعدد ''شیخ الازہر'' کے منصب جلیل پر فائز رہے۔[۱۷]

عملی زندگی

آپ حصول علم کے لیے طحطا سے قاہرہ آئے تو پھر وہیں کے ہو کر رہ گئے۔ جہاں عمر بھر درس و تدریس، تصنیف و تالیف نیز یاد الٰہی کے اعمال و انعال آپ کے مزاج پر غالب رہے۔ آپ مادرِ علمی جامعہ ازہر کے علاوہ مدرسہ شیخونیہ و مدرسہ صرغتمشیہ میں مدرس ہوئے۔ آپ کی رہائش گاہ آخر الذکر مدرسہ سے ملحق تھی، اس علاقہ میں بالعموم احناف کی آبادی تھی، جہاں آپ علم و فضل اور شرافت کے باعث مقبول ہوئے اور کچھ ہی عرصہ قیام کے بعد اس مدرسہ نیز اس سے ملحق مسجد و خانقاہ کی مقامی اہل خیر کے تعاون سے تعمیر نو کرائی۔ جب آپ کے طلبہ کی تعداد زیادہ ہو گئی تو آپ یہاں سے جامعہ ازہر کے قریب واقع شارح بخاری نیز الهدایة و کنز الدقائق کے شارح علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء) کے ۸۱۴ھ/۱۴۱۱ء میں قائم کردہ مدرسہ عینیہ میں منتقل ہو گئے، پھر کچھ ہی عرصہ گزرا تھا کہ آپ کی نئی رہائش گاہ کے قریب ایک صاحب ثروت نے مسجد تعمیر کرائی تو آپ روزانہ بعد نماز عصر وہاں بھی پڑھانے لگے۔ ان معمولات کے ساتھ جامعہ ازہر میں آپ کی حاضری و دروس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔[۱۸]

مفتئ اعظم کا منصب

ان دنوں کا مصر خلافت عثمانیہ کے تابع تھا، جس کا دار الخلافہ ترکی کے شہر استنبول میں واقع تھا اور حکومت نے دینی امور و معاملات کی انجام دہی کے لیے ملک کے چھوٹے بڑے شہروں میں قاضی و مفتی تعینات کر رکھے تھے۔ یوں قاہرہ میں بھی مختلف فقہی مذاہب سے تعلق رکھنے والے ایک ایک عالم متعلقہ مذہب کے مفتی مقرر تھے اور حنفی مذہب چوں کہ سرکاری سطح پر رائج تھا، لہٰذا ہر شہر میں موجود مفتیان میں سے مفتیِ احناف کو مفتیِ اعظم کی حیثیت حاصل ہوتی تھی۔ ادھر قاہرہ میں موجود مفتیِ احناف کا درجہ پورے مصر کے ''مفتیِ اعظم'' کا ہوتا تھا اور اہل مصر چوں کہ بالعموم شافعی المذہب تھے، لہٰذا ''شیخ الازہر'' کا منصب رفیع شافعی علماء کے لیے مختص تھا۔

علامہ طحطاوی مفتئ اعظم مصر

آپ کے چار اساتذہ یکے بعد دیگر مفتیِ اعظم مصر تعینات رہ چکے تھے، پھر آپ کے استاذ زادہ شیخ ابراہیم بن محمد عبد المعطی حریری حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس منصب پر فائز ہوئے اور ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء میں انھوں نے وفات پائی[۱۹] تو ان کی جگہ علامہ سید احمد طحطاوی اس پر تعینات کیے گئے۔

آپ نے منصب سے متعلق ذمہ داریاں پوری تن دہی و ہمت سے انجام دینا شروع کیں لیکن طبقۂ علماء و مشائخ کا مسلم حکمرانوں کے ساتھ چلنا بہت بڑے امتحان کا درجہ رکھتا ہے۔ ایک طرف ان اہل علم کو حکام کی ناراضگی و عتاب کا خدشہ، دوسری جانب رعایا کے حقوق کی پاس داری اور انہیں فتنہ سے محفوظ رکھنا اور ان سب سے بڑھ کر اسلامی اقدار کی حفاظت نیز اپنے آپ کو مادی ماحول سے بچانا، علامہ طحطاوی کو بھی اس امتحان سے گزرنا پڑا، جس میں آپ کامیاب و کامران ہوئے۔

مفتئ اعظم کے منصب سے معزولی

علامہ طحطاوی اس منصب سے معزول کیے گئے، جس کی وجہ یہ ہوئی کہ حکومت نے ملک بھر میں موجود سادات خاندان کے خاص حقوق، ان کے وظائف کی وصولی و ترسیل وغیرہ امور کی انجام دہی کے لیے ایک منصب ''نقیب الاشراف'' تشکیل دے رکھا تھا، جس کی عوامی و سرکاری سطح پر بڑی اہمیت و عزت ہوتی تھی۔ اس پر سادات گھرانہ کی ایسی شخصیت کو تعینات کیا جاتا جو عالم دین و پیر طریقت ہوتے۔ یہ منصب آج ۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء میں بھی مصر میں موجود ہے، گو کہ اس کی ہیئت و اہمیت عثمانی دورِ حکومت طرح کی نہیں رہی۔

الغرض علامہ طحطاوی کے دور میں ۱۲۰۸ھ/۱۷۹۳ء سے ایک قد آور شخصیت سید عمر مکرم بن

حسین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۲ء) نقیب الاشرف تھے، جو ملک کی اہم مذہبی شخصیت، سیاسی اثر و رسوخ کے مالک، سماجی خدمات میں فعال اور خانقاہی نظام کے اختلافات حل کرنے میں سرکردہ شخصیت تھے۔ مزار امام شافعی ﷺ کی دیکھ بھال اور مالی امور بھی آپ کے سپرد تھے، ان کے دروازہ پر ضرورت مندوں اور مصیبت زدہ افراد کا تانتا بندھا رہتا۔ اسی دوران فرانس کی افواج نے نپولین بوناپاٹ کی قیادت میں مصر پر حملہ کیا تو مدافعت و مزاحمت کرنے والے عوامی زعماء میں سید عمر مکرم سرفہرست تھے اور جب ۱۲۱۳ھ/ ۱۷۹۸ء کو نپولین افواج نے مصر پر قبضہ کرلیا تو آپ کچھ مجاہدین سمیت ملک سے فرار ہو کر شام آ گئے اور ۱۲۱۶ھ/ ۱۸۰۱ء کو فرانسیسی افواج کو ملک سے نکال باہر کیا گیا تو آپ نقیب الاشرف کے منصب پر بحال کیے گئے۔ پھر ۱۲۲۲ھ/ ۱۸۰۷ء کو برطانوی افواج نے مصر کے شہر اسکندریہ پر قبضہ جمالیا تو انھیں وہاں سے نکال باہر کرنے کے لیے ملک کے جو رہنما فعال ہوئے ان میں سید عمر مکرم بھی شامل تھے۔ یوں عثمانی حکومت، طبقۂ علماء و مشائخ نیز عوام کے ساتھ آپ کا رابطہ گہرا ہوا اور ہر سطح پر مقبولیت عام ہوئی۔

۱۶/ربیع الاول ۱۲۲۴ھ/ یکم مئی ۱۸۰۹ء کو نقیب الاشراف سید عمر مکرم نے اپنے نواسہ کے عقیقہ کی تقریب منعقد کی، جس میں حکام واعیان اور عوام کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی، جو ان کی زندگی کا آخری عظیم الشان وفرحت کا اجتماع ثابت ہوا۔

اس مرحلہ پر حاسدین ومخالفین کی ایک جماعت حرکت میں آئی اور اسی برس جمادی الاخریٰ میں سید عمر مکرم کے خلاف مالی بے قاعدگی اور باغیوں کی معاونت کے الزامات پر مبنی ایک مقدمہ کھڑا کیا گیا، پھر حکام بھی ملوث ہوئے، تا آں کہ ان کے خلاف فرد جرم تیار کر کے اس پر اکابر علماء ومشائخ کے دستخط طلب کیے گئے، جس کی پاداش میں قاضی وحاکم نے شیخ عمر مکرم کو نقیب الاشراف کے منصب سے معزول کر کے جلاوطن کرنے کا حکم دیا۔ اسی ماہ انہیں دمیاط شہر میں سکونت اختیار کرنے کا حکم دیا گیا، جہاں سے ۱۲۲۷ھ/ ۱۸۱۲ء کو طنطا شہر منتقل کیے گئے اور ۱۲۳۴ھ/ ۱۸۱۹ء میں سید عمر مکرم نے حج وزیارت کی اجازت طلب کی، جس کی ادائیگی کے بعد واپسی پر آپ کو قاہرہ رُکنے کی اجازت دی گئی، جہاں سے پھر طنطا بھیج دیے گئے، حتیٰ کہ وہیں پر وفات پائی۔ [۲۰]

نقیب الاشراف سید عمر مکرم پر دائر کیا گیا یہی مقدمہ علامہ طحطاوی کے لیے امتحان ثابت ہوا، آپ کو مفتیِ اعظم بنے دو ماہ بھی نہیں ہو پائے تھے کہ سید عمر مکرم سے متعلق فرد جرم دستخط کے لیے آپ کے سامنے پیش کی گئی، لیکن آپ نے اس میں درج الزامات کو مبنی بر حقیقت نہیں پایا، لہٰذا

بہ کمال جرأت وقوت ایمانی اس پر دستخط کرنے سے یکسر انکار کردیا۔

حکام جب سید عمر مکرم سے نبٹ چکے تو پھر علامہ طحطاوی کی باری آئی اور دستخط کرنے سے انکار پر انہیں ۱۵/شعبان ۱۲۲۴ھ/ ۲۵/ستمبر ۱۸۰۹ء کو مفتیِ اعظم کے منصب سے معزول کردیا۔ اب آپ گھر پر معتکف ہو گئے اور پڑوس میں واقع مدرسہ شیخونیہ میں جانے کے علاوہ باقی تمام بیرونی مصروفیات ومشاغل ترک کردیے۔[۲۱]

علامہ طحطاوی کی جگہ دوسرے حنفی عالم مفتیِ اعظم شیخ سلیمان بن مصطفیٰ منصوری حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نواسہ شیخ حسین بن حسن کنانی منصوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۳۰ھ/ ۱۸۱۵ء) مفتیِ اعظم تعینات کردیے گئے۔[۲۲]

وهابیۂ نجد سے جنگ پر روانگی

علامہ سید طحطاوی نے وہابیۂ نجد سے جنگ میں عملی حصہ لیا، آپ کی ولادت سے محض سات آٹھ برس قبل خطۂ نجد میں شیخ محمد بن عبد الوہاب (وفات ۱۲۰۶ھ/ ۱۷۹۲ء) نے ۱۱۵۷ھ میں[۲۳] اور بقول دیگر ۱۱۴۳ھ/ ۱۷۳۰ء میں[۲۴] اپنی مخصوص فکر کی دعوت کا آغاز کیا، جس کے نتیجہ میں مسلم صفوں میں وہابی فرقہ وجود پایا[۲۵] اس تحریک کے ابتدائی چند عشروں میں اس کے بانی ومتبعین کی توجہ مسلمانانِ عالم کو کافر کہنے پر مرکوز رہی اور پھر تیرہویں صدی ہجری کا آغاز ہوا تو وہابی دعوت وفکر کا دوسرا مرحلہ شروع ہوا، جب انہوں نے خونِ مسلم بہانا شروع کیا اور عثمانی حکومت بالخصوص اہل حجاز کے ساتھ مسلح جنگ کا آغاز کیا۔ مفتیِ شافعیہ مکہ مکرمہ علامہ سید احمد بن زینی دحلان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف ''خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلد الحرام'' میں حجاز ووہابیۂ نجد کے درمیان ہونے والی ان جنگوں کی تفصیلات درج ہیں، جو قاہرہ سے شائع ہوئی اور اس کا متعلقہ حصہ استنبول ترکی سے شیخ حسین حلمی ایشیق حنفی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۴۲۲ھ/ ۲۰۰۱ء) نے بارہا طبع کرا کے تقسیم کیا۔ اور اس کا تیسرا مرحلہ تب شروع ہوا جب ان کے ہاتھ زمام اقتدار تک جا پہنچے اور پندرہ برس سے زائد عرصہ خون ریزی میں مبتلا رہنے کے بعد بالآخر ۱۲۲۰ھ/ ۱۸۰۶ء میں انہوں نے خطۂ حجاز ونجد کو عثمانی خلافت سے الگ کر کے وہابی سلطنت قائم کرلی۔ وہابی تحریک کے یہ تینوں مراحل علامہ طحطاوی کی زندگی میں طے ہوئے۔

جیسا کہ اوپر گزرا، اس دور کے مصر سمیت عرب دنیا کے متعدد علاقے خلافت عثمانیہ میں شامل تھے

اور عرب علاقوں میں عثمانی افواج کی سب سے بڑی قوت حجاز مقدس اور مصر میں موجود تھی۔ چناں چہ جب وہابی کارروائیاں تمام حدود تجاوز کر گئیں اور اسلامی سلطنت میں فکری انتشار کے بعد اس کے جغرافیہ پر اثر انداز ہوئیں تو عثمانی خلیفہ نے ایک بڑی اور حتمی جوابی کارروائی کا حکم دیا۔ ان دنوں ۱۲۰۳ھ/ ۱۷۸۹ء سے سلطان سلیم خان سوم بن سلطان مصطفیٰ بن سلطان احمد سوم (وفات ۱۲۲۳ھ/ ۱۸۰۸ء) عثمانی خلیفہ تھے، جو وفات سے تقریباً ایک برس قبل ۱۲۲۲ھ/ ۱۸۰۷ء تک حکمران رہے[۲۶] ۱۲۲۲ھ کے اوائل میں اسی خلیفہ نے استنبول سے حاکم مصر محمد علی پاشا (وفات ۱۲۶۵ھ/ ۱۸۴۹ء) کو قاہرہ حکم بھیجا[۲۷] کہ وہ وہابیۂ نجد کو ارض حرمین شریفین سے نکالنے کے لیے ہر ممکن کارروائی عمل میں لائیں، لیکن مصر کی داخلی صورت حال کے باعث محمد علی پاشا اس حکم پر فوری عمل نہیں کر پائے، کیوں کہ نپولین افواج کو مصر سے نکالے ابھی چند برس ہی گزرے تھے اور ملک دوبارہ استحکام کے راستہ پر گامزن تھا۔ اسی دوران اسکندریہ پر برطانیہ کا قبضہ و اخراج، نیز دیگر اندرونی عوامل بھی مانع تھے۔ مزید یہ کہ خود محمد علی پاشا کو مصر کا اقتدار سنبھالے ابھی دو برس ہوئے تھے۔ مصر میں یہ حالات تھے اور ادھر دار الخلافہ استنبول میں سلطان سلیم عثمانی یہ حکم جاری کرنے کے چند ہفتوں بعد اقتدار سے الگ کیے گئے، جس کے ایک برس بعد قتل ہوئے۔

اب سلطان مصطفیٰ خان بن سلطان عبد الحمید خان عثمانی (وفات ۱۲۲۳ھ/ ۱۸۰۸ء) خلیفہ ہوئے، لیکن ایک ہی برس بعد وہ بھی قتل ہوئے[۲۸] جن کے بعد محمود خان بن سلطان عبد الحمید خان (وفات ۱۲۵۵ھ/ ۱۸۳۹ء) حکمران ہوئے، جو اپنی وفات تک بتیس برس سلطنت اسلامیہ عثمانیہ کے خلیفہ رہے۔[۲۹]

یہ خلفاء بھی استنبول سے حاکم مصر کو اس حکم کی تجدید کرتے رہے۔ بالآخر ۱۲۲۶ھ/ ۱۸۱۱ء کو سلطان محمود خان کے دور میں محمد علی پاشا نے اپنے جواں سال فرزند احمد طوسون پاشا (وفات ۱۲۳۱ھ/ ۱۸۱۶ء) کی زیر قیادت[۳۰] ایک لشکر تیار کیا، جس میں ہر طبقہ اور علم و فن کے افراد شامل کیے گئے اور مذاہب اربعہ سے تعلق رکھنے والے ایک ایک جید عالم و فقیہ بھی لشکر کے ہمراہ ہوئے، ان میں احناف کی طرف سے علامہ سید احمد طحطاوی لشکر میں شامل تھے۔

ترکی و مصری افواج پر مشتمل یہ لشکر قاہرہ سے سوئز اور پھر وہاں سے بحری راستہ کے ذریعے مدینہ منورہ کے نزدیک ترین بندرگاہ ینبع جا اترا، پھر مدینہ منورہ کی طرف پیش قدمی کی، جس کے راستہ میں صفرا و جدیدہ کے مقام پر نجدی افواج صف آراء تھیں، جہاں فریقین کے درمیان ۱۸/

ذیقعدہ ۱۲۲۶ھ/۴/دسمبر ۱۸۱۱ء کو گھمسان کی جنگ ہوئی، جس کے نتیجہ میں عثمانی افواج آگے نہیں بڑھ سکیں اور وہیں سے ینبع کے راستہ واپس قاہرہ پہنچ گئیں۔[۳۱]

کچھ ہی عرصہ بعد محمد علی پاشا کی افواج نے نئے سرے سے جنگ کی تیاری کر کے ایک بار پھر وہابیہ نجد کی سرکوبی کے لیے حجاز مقدس کا رخ کیا اور یہ مہم کامیابی سے ہم کنار ہوئی۔ اب وہابیہ کو نہ صرف حجاز مقدس سے نکال باہر کیا گیا بلکہ ان کے دارالحکومت درعیہ پہنچ کر اس کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی اور وہابی حاکم کو پابجولاں قاہرہ لا کھڑا کیا، جہاں سے انہیں دارالخلافہ استنبول روانہ کیا گیا، جہاں انہیں برسر عام تختہ دار پر لٹکا دیا گیا، لیکن علامہ سید احمد طحطاوی اس دوسری جنگی مہم میں شامل نہ تھے اور کئی برس جاری رہنے والی یہ مہم ان کے وفات کے بعد اپنے انجام کو پہنچی۔

مفتی اعظم کے منصب پر بحالی

۲۹/محرم ۱۲۳۰ھ/ ۱۱/جنوری ۱۸۱۵ء کو مفتی اعظم مصر شیخ حسین بن حسن کنانی منصوری حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے وفات پائی تو علامہ طحطاوی ایک بار پھر ''مفتی اعظم'' تعینات کیے گئے، اس موقع پر خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں سب سے پہلے جشن میلاد النبی ﷺ کے جواز پر کتاب ''الجواهر السنية بمولد خير البرية'' جس کے قلمی نسخے آج بھی دارالکتب مصریہ، قاہرہ و مکتبہ جامعہ ازہر میں محفوظ ہیں، اس کے مؤلف محدث و فقیہ شافعی شیخ محمد بن علی شنوانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۳۳ھ/ ۱۸۱۷ء) جوان دنوں ''شیخ الازہر'' تھے[۳۲] انھوں نے علامہ طحطاوی کو مخصوص خلعت فاخرہ پہنائی، جن کے بعد حاکم مصر اور اعیان و مشائخ نے یہ رسم ادا کی۔ اب آپ اپنی وفات تک مفتی اعظم رہے۔[۳۳]

مکتبہ حرم مکی کے فہرست نگار نے لکھا ہے کہ علامہ طحطاوی ''شیخ الازہر'' کے منصب پر تعینات رہے[۳۴] لیکن یہ درست نہیں۔

علامہ ابن عابدین سے روابط

تیرھویں صدی ہجری کی عرب دنیا میں جو جلیل القدر فقہاء احناف ہو گزرے، ان میں ایک انتہائی اہم نام علامہ ابن عابدین کا ہے، جو عمر میں علامہ طحطاوی سے تیس برس چھوٹے تھے۔ علامہ سید محمد امین بن عمر ابن عابدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء) دمشق میں پیدا ہوئے اور وہیں پر وفات پائی۔ عارف کامل، مسند، صوفیہ کے سلسلۂ نقشبندیہ مجددیہ سے وابستہ، ۱۲۳۵ھ کو حج

وزیارت کے لیے گئے۔ آپ کی اہم اسلامی علوم میں متعدد تصنیفات ہیں، لیکن آپ کی وجہ شہرت و پہچان حاشیہ درمختار بنام ''رد المحتار علی الدر المختار'' ہے، جو عرب وعجم سے بارہا شائع ہوئی اور حاشیہ شامی و حاشیہ ابن عابدین کے ناموں سے پوری اسلامی دنیا کے مذاہب اربعہ سے تعلق رکھنے والے علماء میں مقبول ومتداول ہے۔

علامہ ابن عابدین کی خدمات پر دمشق کے ہی علمی گھرانہ کے فرد ڈاکٹر سید محمد عبداللطیف بن صالح فرفور حنفی حفظہ اللہ تعالیٰ (ولادت ۱۳۶۴ھ/ ۱۹۴۵ء) نے جامعہ ازہر سے ۱۹۷۸ء میں پی ایچ ڈی کی۔ ان کا مقالہ ''ابن عابدین و اثره فی الفقه الاسلامی ،دراسة مقارنة بالقانون'' کے نام سے دو جلدوں اور ۱۳۰۰ صفحات پر ۲۰۰۱ء کو دمشق سے شائع ہوا، نیز دمشق کے ہی شیخ محمد مطیع الحافظ حفظہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر مستقل کتاب ''فقیه الحنفية محمد امین عابدین ،حیاته و آثاره'' لکھی، جو ۱۹۹۴ء میں دمشق سے ۳۲ صفحات پر شائع ہوئی۔ علامہ ابن عابدین کی بعض مختصر تصانیف کا اردو ترجمہ مولانا غلام محمود ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی حفظہ اللہ تعالیٰ نے کیا۔[۳۵]

علامہ طحطاوی وعلامہ ابن عابدین کے درمیان ملاقات کا کوئی ثبوت نہیں مل سکا۔ البتہ دونوں کے درمیان رابطہ کے شواہد موجود ہیں، جیسا کہ رجب ۱۲۲۹ھ میں علامہ ابن عابدین نے تلاوت قرآن مجید وذکر اللہ پر اجرت لینے کی حرمت پر رسالہ ''شفاء العلیل وبل الغلیل فی حکم الوصية بالختمات و التهالیل'' تصنیف کیا، تو اس پر عرب دنیا کے نو اکابر علماء نے تقاریظ لکھیں۔ یہ کتاب آج بھی خود علامہ ابن عابدین کی قلم بند کردہ مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں مع تقاریظ محفوظ ہے، جب کہ یہ ''رسائل ابن عابدین'' کے ضمن میں عرب دنیا و پاکستان سے بارہا شائع ہوئی، اس پر علامہ طحطاوی کی تقریظ سب سے اوّل مطبوع ہے۔[۳۶]

عجائب الآثار کے مصنف سے رفاقت

''عجائب الآثار فی التراجم و الأخبار'' المعرف بہ تاریخ جبرتی ۱۱۰۰ھ سے ۱۲۳۶ء تک کے ملک مصر کی تاریخ وسوانح پر انتہائی اہم ومقبول کتاب ہے، جس کا تازہ ترین وتحقیق شدہ ایڈیشن بڑے کاغذ کی چار جلدوں اور ۲۵۳۸ صفحات پر مشتمل پیش نظر ہے۔ اس کے مصنف شیخ عبدالرحمٰن بن حسن بن ابراہیم جبرتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۲ء) قاہرہ میں پیدا ہوئے،

وہیں پر وفات پائی۔ آپ عظیم مؤرخ، فقیہ حنفی اور صوفی المشرب تھے، آپ کے چالیس سے زائد بہن بھائی تھے لیکن ان میں سے ایک بھی سن بلوغ تک نہیں پہنچا۔ آپ کی عجائب الآثار سمیت دو کتب کا فرنچ زبان میں ترجمہ شائع ہوا۔ علامہ سید مرتضٰی بلگرامی زبیدی کے شاگرد۔[۳۷]

علامہ طحطاوی اور شیخ عبدالرحمٰن جبرتی ہم عمر و عزیز دوست تھے، دونوں نے مل کر آخرالذکر کے والد سے نورالایضاح پڑھی۔ شیخ جبرتی خود رقم طراز ہوئے کہ علامہ طحطاوی میرے گہرے دوست اور اہم ساتھی تھے، ہم دونوں کے غالب اوقات اکٹھے گزرتے، کبھی مسجد و مدرسہ میں اور کبھی گھر پر۔ اور سبق سمجھنے و تکرار اور یاد کرنے میں آپ میرے ساتھی و مددگار ہوتے۔ آپ ذہین اور ہمیشہ طلب علم میں مشغول رہتے، اسی باعث فائق ہوئے، جب کہ فقیر ان کے برعکس تھا۔ میرے والد جب کبھی ہمیں جدا دیکھتے تو مجھ سے دریافت فرمایا کرتے:

این رفیقک الصعیدی---

"تمھارا صعیدی دوست کہاں ہے" ---[۳۸]

صعید اس علاقہ و وادی کا نام ہے، جس میں طحطا واقع ہے۔

شیخ جبرتی نے علامہ طحطاوی کے حالات عجائب الآثار میں دو صفحات پر درج کیے[۳۹] اور یہی آپ کے سوانحی مآخذ کی بنیاد بنے۔

وفات

علامہ سید احمد طحطاوی نے قاہرہ میں وفات پائی۔ آپ کے اردو تذکرہ نگاروں کے ہاں ایک قول ہے کہ وفات آپ کی ۱۲۳۳ھ سے بعد وقوع میں آئی[۴۰] دوسرا قول یہ کہ ۱۲۴۳ھ میں ان کا انتقال ہوا[۴۱] جب کہ عجائب الآثار میں ہے کہ جمعہ کی رات بعد غروب شمس ۱۵ر رجب ۱۲۳۱ھ مطابق ۱۱ر جون ۱۸۱۶ء کو آپ نے وفات پائی[۴۲] اور دیگر عرب تذکرہ نگار بھی اس پر متفق ہیں۔[۴۳]

مزار

قدیم قاہرہ میں وسیع و عریض تاریخی قبرستان قرافہ نام کا ہے، جس میں ہر دور کے اکابر علماء و مشائخ کے مزارات و قبور ہیں، جن میں امام محمد بن ادریس قریشی ہاشمی شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۲۰۴ھ/۸۲۰ء) کا مزار مشہور و معروف ہے۔ چوں کہ اہل مصر بالعموم آپ ہی کے مقلدین ہیں، لہٰذا یہ علاقہ و قبرستان آپ کے مزار کے باعث جانا گیا۔[۴۴]

اسی قبرستان میں چوتھی صدی ہجری کے عظیم محدث وفقیہ حنفی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ازدی طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۳۲۱ھ/۹۳۳ء) کا مزار واقع ہے، جو شرح معانی الآثار، عقیدۃ الطحاوی، مختصر الطحاوی، مشکل الآثار وغیرہ مطبوعہ تصنیفات کے باعث جانے گئے۔ ملک مصر میں پہلے پہل حنفی مذہب کی بھرپور اشاعت وفروغ انھی علامہ ابوجعفر طحاوی کے ذریعے ہوا۔[۴۵]

ہندوستان کے مشہور عالم فقیہ حنفی استاذ العلماء مولانا وصی احمد محدث سورتی بن مولانا محمد طیب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما (وفات ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۶ء) نے انھی امام طحاوی کی شرح معانی الآثار پر تعلیقات لکھی تھیں، جو کراچی سے طبع ہوئی۔[۴۶]

الغرض علامہ سید احمد طحطاوی کے دور میں امام ابوجعفر طحاوی کے مزار کی دیکھ بھال ونگرانی کا کام صاحب عجائب الآثار کے سپرد تھا۔ ۱۲۳۰ھ میں علامہ طحطاوی نے ان سے اپنے لیے امام طحاوی کے پہلو میں دفن کیے جانے کی اجازت حاصل کی اور پھر وہاں خود اپنی قبر تیار کرائی۔ جب اگلے برس علامہ طحطاوی نے وفات پائی تو حسب تمناوہیں پر دفن کیے گئے۔[۴۷]

اعتراف عظمت

مفتی اعظم شیخ احمد طحطاوی کے علم وفضل کے براہ راست اعتراف کی سب سے بڑی دلیل تو ان کی تصنیفات ہیں، جو آج تک فقہاء ومفتیان نیز دیگر اہل علم کے ہاں قابل اعتماد ہیں، لیکن اسی کے ساتھ آپ کے تذکرہ نگاروں نے بھی آپ کے اوصاف حمیدہ بیان کیے، چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

- صاحب عجائب الآثار لکھتے ہیں:

"الشیخ العلامة، و النحریر الفهامة، السید احمد بن محمد بن اسماعیل من ذریة السیّد محمد الدوقاطی الطهطاوی الحنفی"---[۴۸]

- مفتی اعظم بغداد، مفسر، محدث، ادیب وشاعر، صاحب تفسیر روح المعانی علامہ سید شہاب الدین محمود بن عبداللہ حسینی آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء)[۴۹] نے ان الفاظ میں ذکر کیا:

"تاج الشریعة و صدرها، و شمس الائمة و فخرها، صاحب

حاشية (الدر المختار) التی طار صیتها باجنحة القبول فی الاقطار، المولٰی الصفی، الشیخ احمد الطحطاوی الحنفی، تغمده اللّٰه تعالٰی برحمته، و نفعنا و المسلمین ببرکته"---[۵۰]

۞ مدرسہ عالیہ مرادآباد کے مدرس، مرشد السالکین، استاذ العلماء مولانا شاہ محمد گل قادری بن سید احمد خان کابلی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہما (وفات ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۲ء) نے لکھا:

"خاتمة المحققین مولانا المرحوم السید احمد الطحطاوی محشی الدر المختار رحمه مولاہ رحمة الابرار"---[۵۱]

۞ اسلامی تاریخ کے سیکڑوں علماء احناف کے تذکرہ نگار و خطۂ ہند کے مشہور عالم جلیل و متعدد کتب کے مصنف، ہفت روزہ سراج الاخبار جہلم کے بانی و ایڈیٹر مولانا فقیر محمد جہلمی بن حافظ محمد سفارش رحمۃ اللہ تعالٰی علیہما (وفات ۱۳۳۴ھ/۱۹۱۶ء)[۵۲] کے الفاظ یہ ہیں:

"علامہ سید احمد طحطاوی، فقیہ عصر، وحید دہر، محدث جید، علامہ محقق، فاضل مدقق تھے"---[۵۳]

۞ تیرھویں صدی ہجری کی اسلامی دنیا کے مشاہیر کے حالات پر اہم کتاب کے مصنف و دمشق کے مشہور عالم شیخ عبد الرزاق بن حسن بیطار (وفات ۱۳۳۵ھ/۱۹۱۶ء)[۵۴] نے یہ لکھا:

"العالم المشهور، و الفاضل الذی هو بکل فضیلة مذکور[۵۵] خاتمة المحققین فی البلاد المصریة"---[۵۶]

۞ ہندوستان کے اہم فقیہ حنفی و عربی ادب کے ماہر، صاحب تصانیف کثیرہ و فقہاء احناف کے تذکرہ نگار مولانا عبد الاوّل بن مولانا کرامت علی جونپوری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہما (وفات ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء)[۵۷] نے آپ کا ذکر یوں کیا:

"علامہ شہاب الدین سید احمد طحطاوی[۵۸] علامہ، فقیہ، محدث، محقق سید احمد طحطاوی[۵۹] طحطاوی، علامہ سید احمد فقیہ زمان، محدث دوران"---[۶۰]

۞ حجاز مقدس کے معاصر شافعی عالم، ادیب و صاحب دیوان شاعر نے حسب ذیل پندرہ اشعار میں آپ کے اوصاف حمیدہ بیان کیے، نیز آپ کا سنہ وفات اخراج کیا:

شع بدراً في عصره أي بدر ثم اضحى بدراً على كل عصر
و تمادى على الزمان فأمسى علماً للأحناف فى كل دهر
احمد الطحطاوي الذى ساد مصراً بعلوم و مكرمات وبر
حيث أحيا أبا حنيفة بالفقه و الزهد و الهدى حيث يسري
عَلَّقَ الفهم و العلوم على (الدر) فكان (المختار) من كل در
غرر من فوائد العلم شتى صاغها في عقد من الدر نضْر
فهي اغلى من الجواهر طراً و هي في صدره كدر ببحر
و مضى في حياته ليس يخطو خطوة إلا و الهدى فيه يجري
نشر السنة الصحيحة في القوم فأمست به بخير مقر
ذب عن أهل عصره بدعاً سوداء طاشت غبراً بعقل و فكر
سل سيف الهدى عليها بحزم و مضى شامخاً و آب بنصر
لم يزل آية (لنعمان) كبرى فاح منه شذاه من كل عطر
خبأته الأيام ثم جلته صافي العمر مثل ساعة فجر
قيل : أرخه، قلت : لست بأهل و إليكم تاريخه نصف سطر
زدْ عليه ثمانيًا ثم عشراً (يا لقومي قد مات عالم مصر)

18=10+8 1213=330+141+441+104+186+11

1231=1213+18

تلامذه

علامہ طحطاوی کے آٹھ اہم شاگردوں کا مختصر تعارف حسب ذیل ہے:

۞ شیخ ابراہیم چلپی بن احمد آغا بارودی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۰ء)
قاہرہ کے شافعی عالم، عین عالم شباب میں وہیں پر وفات پائی، عقلی و نقلی علوم کے ماہر۔ آپ نے جامعہ ازہر میں علامہ طحطاوی سے فقہی علوم اخذ کیے۔[۶۱]

۞ شیخ سید احمد عارف حکمت بن ابراہیم پاشا حسینی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۸ء)
استنبول میں وفات پائی، ترکی الاصل، حنفی عالم، صوفی المشرب، لغوی، شاعر، عربی فارسی و

ترکی میں نظم ونثر پر مشتمل متعدد تصنیفات ہیں، جن میں عربی میں ''الاحکام المرعیة فی الاراضی الامیریة'' وغیرہ کتب ہیں۔ بیت المقدس وقاہرہ نیز مدینہ منورہ میں قاضی تعینات رہے اور ۱۲۶۲ھ کو دارالخلافہ استنبول میں اعلیٰ ترین دینی منصب ''شیخ الاسلام'' پر فائز ہوئے۔ آپ نے مدینہ منورہ میں عظیم الشان کتب خانہ قائم کیا جو ''مکتبہ عارف حکمت'' کے نام سے پندرھویں صدی ہجری کے آغاز تک اپنے مقام پر موجود تھا، پھر مسجد نبوی کی توسیع کے باعث اسے منہدم کر کے اس کی جملہ کتب مکتبہ شاہ عبدالعزیز میں منتقل کر دی گئیں، جہاں آپ کے نام سے محفوظ ہیں۔

صاحب تفسیر روح المعانی مفتی بغداد علامہ سید شہاب الدین محمود بن عبداللہ حسینی آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آپ کے احوال وآثار پر عربی کتاب ''شھی النغم فی ترجمة شیخ الاسلام و ولی النعم'' لکھی، جو محمد عید خطراوی کی تحقیق کے ساتھ ''عارف حکمت حیاته و مآثره'' کے نام سے شائع ہوئی۔[۶۲]

۞ شیخ احمد بن محمد تمیمی داری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۶۷ھ/۱۸۵۱ء)

بیت المقدس کے قریب شہر الخلیل میں پیدا ہوئے، وہیں پر وفات پائی، جہاں آپ کا مزار مشہور ومتبرک ہے۔ جامعہ ازہر قاہرہ میں تعلیم پائی، حنفی عالم، نحوی، صوفی کامل، ادیب و شاعر، چھ سے زائد تصنیفات ہیں، جن میں سے ''نجاة الارواح فی احکام النکاح علیٰ مذهب ابی حنیفة'' قاہرہ سے شائع ہوئی، جب کہ ''رسالة فی اسقاط الصلاة و الصوم بعد الموت'' کا مخطوط دارالکتب مصریہ قاہرہ میں اور ''رسالة فی احکام الزکاة'' کا مخطوط مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں ہیں، نیز تصوف پر کتاب اور سفر نامہ ترکی قلم بند کیا۔ آپ طویل عرصہ قاہرہ مقیم رہے، جس دوران ۱۲۵۱ھ کو مفتی اعظم مصر بنائے گئے۔ تب عثمانی خلیفہ سلطان عبدالمجید خان بن سلطان محمود خان (وفات ۱۲۷۷ھ/۱۸۶۱ء) کی دعوت پر[۶۳] ۱۲۶۳ھ کو دارالخلافہ استنبول تشریف لے گئے۔ بعد ازاں حاکم مصر محمد عباس بن احمد طوسون بن محمد علی پاشا (وفات ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء) کے حکم پر[۶۴] مفتی اعظم کے منصب سے معزول کیے گئے تو وطن واپس آگئے۔[۶۵]

۞ شیخ سید حسین بن سلیم دجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۸ء)

فلسطین کے شہر یافا میں پیدا ہوئے اور حج وزیارت کے لیے گئے تو تمام مناسک کی ادائیگی

کے بعد مکہ مکرمہ میں وفات پائی، قبرستان المعلیٰ میں قبر بنی۔ ادیب ونعت گو شاعر، خلوتی وشاذلی سلاسل کے مرشد، صاحب کرامات، متعدد تصنیفات میں ''فتاویٰ حسینیہ'' اور ''التحریر الفائق علی شرح الطائی الصغیر لکنز الدقائق'' وغیرہ کتب ہیں۔ آپ تقریباً چالیس برس تک یافا کے مفتی احناف تعینات رہے۔

۱۲۲۷ھ کو جامعہ ازہر قاہرہ میں داخلہ لیا، جہاں علامہ طحطاوی سے فقہ حنفی کی بعض کتب پڑھیں۔ [٦٦]

۞ شیخ عبدالمولیٰ بن عبداللہ بن عبدالقادر مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۴۵ھ/ ۱۸۲۹ء تقریباً)

فقیہ حنفی، عقلی ونقلی علوم کے ماہر، مصر کے شہر دمیاط میں مفتی احناف تعینات تھے۔ آپ نے بھی استاذ محترم علامہ طحطاوی کی طرح فقہ حنفی کی کتاب درمختار پر حاشیہ لکھا، جسے ۲۵/ ذی الحجہ ۱۲۳۲ھ کو شروع اور ۳/ جمادی الاخریٰ ۱۲۳۸ھ کو مکمل کیا۔ اس کا قلمی نسخہ خود آپ کا لکھا ہوا مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں بنام ''تعالیق الانوار علی الدر المختار'' تین جلدوں پر مشتمل محفوظ ہے۔ ادھر ہندوستان میں اس کا قلمی نسخہ مشہور فقیہ مولانا محمد عبدالحی بن محمد عبدالحلیم لکھنوی فرنگی محلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۷ء) کے پیش نظر تھا، جنھوں نے اپنی متعدد تصانیف، سباحۃ الفکر فی الجھر بالذکر، عمدۃ الرعایۃ، الفوائد البھیۃ وغیرہ میں اس سے اخذ کیا، نیز اسے نفیس حاشیہ قرار دیا۔ حدائق الحنفیۃ میں آپ کی تاریخ وفات ''قدوۂ خلقت'' سے نکالی گئی ہے۔ حافظ مرتضیٰ بلگرامی زبیدی سے بھی اخذ کیا۔ [٦٧]

۞ شیخ عثمان بن حسن دمیاطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۶۵ھ/ ۱۸۴۸ء)

مصر کے شہر دمیاط میں پیدا ہوئے، جامعہ ازہر قاہرہ میں تعلیم پائی اور ۱۲۴۸ھ کو مکہ مکرمہ ہجرت کی، وہیں پر وفات پائی، جہاں قبرستان المعلیٰ میں قبر بنی۔ فقیہ شافعی، محدث، مفسر، مدرس جامعہ ازہر ومسجد حرم مکی، استاذ العلماء والرؤساء، خلوتی سلسلہ سے وابستہ۔ آپ کے حالات پر آپ کے شاگرد مفتی شافعیہ مکہ مکرمہ علامہ سید احمد بن زینی دحلان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ء) نے مستقل کتاب لکھی۔ [٦٨]

۞ شیخ سید محمد بن حسین کتبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۸۰ھ/ ۱۸۶۳ء)

مصر میں پیدا ہوئے، جامعہ ازہر میں تعلیم پائی اور ۱۲۵۵ھ کے قریب مکہ مکرمہ ہجرت کی،

وہیں پر وفات پائی، قبرستان المعلی میں قبر واقع ہے۔ فقیہ حنفی، صوفی کامل، خلوتی سلسلہ کے مرشد، مدرس جامعہ ازہر و مسجد حرم مکی، نیز مفتی احناف مکہ مکرمہ تعینات رہے۔ کنز الدقائق کے شارح، صاحب مجموعہ فتاویٰ۔ آپ کے دست یاب حالات ''مکہ مکرمہ کے کتنی علماء'' میں جمع کردیے گئے ہیں۔

علامہ طحطاوی نے در مختار پر حاشیہ لکھنا شروع کیا تو آپ نے اس عمل میں استاذ گرامی کی بھرپور معاونت کی۔[۶۹]

مکتبہ حرم مکی میں آپ کے نام سے ایک مخطوط ''اجازۃ'' موجود ہے[۷۰] جس کے بارے میں راقم السطور کا خیال ہے کہ یہ آپ کو علامہ طحطاوی کی جاری کردہ سند ہے۔[۷۱]

۞ شیخ محمد بن صالح البناء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (۱۲۸۳ھ/۱۸۶۷ء میں زندہ)

مصر کے شہر اسکندریہ میں مفتی احناف تھے، دار الکتب مصریہ قاہرہ میں آپ کی جاری کردہ چار اسناد اجازت کے مخطوطات محفوظ ہیں، جن میں سے ایک آپ کی قلم بند کردہ ہے، جو قصیدہ بردہ و حدیث کی سماعت کی اجازت ہے، جسے آپ نے ۱۲۷۴ھ کو تحریر کر کے دمشق کی تاریخی مسجد اموی کے امام شیخ عبد السلام بن عبد الرحمٰن شطی حنبلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء) کے نام جاری کیا۔ آپ کے فرزند شیخ عبد اللہ بن محمد بن صالح البناء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی عالم جلیل تھے۔[۷۲]

۞۞۞

بعض نے مکہ مکرمہ کے معمر شافعی عالم و صاحب تصانیف شیخ محمد بن سلیمان حسب اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۳۵ھ/۱۹۱۷ء) کو بھی علامہ طحطاوی کا شاگرد قرار دیا ہے، لیکن یہ درست نہیں، اس لیے کہ علامہ طحطاوی ان کی ولادت سے بھی قبل وفات پا چکے تھے۔

تصنیفات

فقیہ جلیل علامہ سید احمد طحطاوی کی تصنیفات و تالیفات کی تعداد چار اور ان کے نام و تعارف حسب ذیل ہے:

۞ حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار شرح تنویر الأبصار، مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں اس کے متعدد قلمی نسخے محفوظ ہیں، جن میں سے دو خود مؤلف کی زندگی میں

۱۲۲۵ھ، ۱۲۲۶ھ کے کتابت شدہ ہیں۔ ادھر مکتبہ حرم مکی میں بھی اس کا ایک مخطوط موجود ہے، جب کہ درمختار کے حاشیہ پر چار جلدوں میں بارہا طبع ہوئی۔ مطبع بولاق قاہرہ ۱۲۵۴ھ، ۱۲۶۶ھ، ۱۲۶۸ھ، ۱۲۶۹ھ، ۱۲۸۲ھ، ۱۲۸۳ھ/ مدرسہ عالیہ کلکتہ ۱۲۶۴ھ/ مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۲۹۴ھ۔ [۷۳]

❁ حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح، مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں اس کے متعدد قلمی نسخے محفوظ ہیں، جن میں سے ایک خود مؤلف کی زندگی میں ۱۲۲۳ھ کا لکھا ہوا ہے، جب کہ مراقی الفلاح کے ساتھ بارہا ایک جلد میں شائع ہوئی۔ مطبع بولاق قاہرہ ۱۲۶۹ھ، ۱۲۷۹ھ، ۱۲۹۰ھ، ۱۳۱۸ھ/ مطبع جامعہ ازہر قاہرہ ۱۳۰۱ھ، ۱۳۲۰ھ، ۱۳۲۸ھ/ مطبع عثمانیہ بہ اہتمام عثمان عبدالرزاق قاہرہ ۱۳۰۴ھ، صفحات ۴۰۹/ مطبع علمیہ قاہرہ ۱۳۱۵ھ/ مطبع شرقیہ قاہرہ ۱۳۲۱ھ، ۱۳۲۵ھ/ مطبع وہبیہ قاہرہ ۱۳۲۸ھ/ مطبع مصطفیٰ بابی حلبی قاہرہ ۱۳۵۶ھ/ مطبوعہ استنبول ۱۳۲۷ھ، ۱۳۲۹ھ۔ [۷۴]

جب کہ حسب ذیل ایڈیشن ان دنوں بازار میں دست یاب ہیں:

دارالایمان بیروت و دمشق/ دارلکتب علمیہ بیروت، انتخاب/ دارالکتب علمیہ بیروت، کمپیوٹر ایڈیشن، تحقیق شیخ محمد عبدالعزیز خالدی، طبع اول ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء، ایک جلد، ۵۶۷ صفحات/ میر محمد کتب خانہ کراچی، تحقیق شیخ محمد عبدالعزیز خالدی/ قدیمی کتب خانہ کراچی، کمپیوٹر ایڈیشن/ مکتبہ غوثیہ کراچی، کمپیوٹر ایڈیشن، تحقیق شیخ عبدالکریم عطا، دو جلد، ۱۰۰۳ صفحات۔

❁ سند الطحطاوی، مکتبہ جامعہ ازہر میں اس کا ایک اور دارالکتب مصریہ قاہرہ میں چار مخطوطات محفوظ ہیں۔ اس کی ابتدائی عبارت یہ ہے:

الحمد للہ الذی انزل القرآن و الشریعۃ و السند المتصل..........---

اور خاتمہ اس عبارت پر ہوتا ہے:

عن مؤلفها احمد بن محمد القسطلانی، و اللہ سبحانہ و تعالیٰ اعلم---[۷۵]

ہندوستان میں بھی اس کا مخطوط موجود تھا، جس کے ذریعے اس کی جزوی طباعت کے بارے میں مزید معلومات آگے آرہی ہیں۔ ثبت الطحطاوی سے مراد بھی یہی کتاب ہے۔

☸ کشف الرین عن بیان المسح علی الجوربین ، مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں اس کے دو مخطوطات زیر نمبر ۲۲۴ مجامیع /۵۴۷۳ اور ۲۲۶ مجامیع /۵۴۷۵ محفوظ ہیں۔ ابتدائی عبارت یہ ہے:

الحمد للہ رب العالمین حمد من رجاہ ....---

جب کہ دارالکتب مصریہ قاہرہ میں یہ بنام "رسالۃ فی المسح علی الخفین" زیر نمبر ۲۳۹ مجامیع / فقہ حنفی موجود ہے [۷۶] موزوں پر مسح کرنے کے مسئلہ پر حنفی مذہب کا بیان۔

حاشیہ در مختار کا تعارف

غزہ فلسطین کے باشندہ، شیخ الحنفیہ فی عصرہ، شیخ الاسلام، شمس الدین، محمد بن عبداللہ خطیب تمرتاشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۰۰۴ھ/۱۵۹۶ء) نے قاضیوں اور مفتیوں کے یاد کر لینے کی غرض سے محرم ۹۹۵ھ کو مسائل معتبرہ متون فقہ حنفی پر عربی نثر میں کتاب "تنویر الابصار و جامع البحار" ایک جلد میں تصنیف کی، جس کے متعدد مخطوطات محفوظ ہیں، نیز بارہا طبع ہوئی۔ یہ علماء کے ہاں مقبول ہوئی اور پہلے خود مصنف نے، پھر مختلف ادوار میں عرب وعجم کے علماء احناف نے اس پر شروح وحواشی وتعلیقات لکھیں، نیز اسے منظوم کیا۔[۷۷]

تنویر الابصار پر شروح لکھنے والوں میں سے مفتی اعظم شام شیخ علاءالدین محمد بن علی حصکفی دمشقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۰۸۸ھ/۱۶۷۷ء) کی "الدر المختار فی شرح تنویر الابصار" کو سب سے زیادہ پذیرائی ملی، حتیٰ کہ اس کی شہرت اصل کتاب پر بھی غالب آ گئی۔ اس کے متعدد مخطوطات محفوظ ہیں اور یہ بارہا شائع ہوئی۔ درمختار پر بھی متعدد علماء احناف نے شروح وحواشی وتعلیقات وتقاریر لکھیں۔[۷۸]

درمختار پر حاشیہ لکھنے والوں میں ایک اہم نام فقیہ العصر ادیب وشاعر ابراہیم بن مصطفیٰ حلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۹۰ھ/۱۷۷۶ء) کا ہے، جو شام کے شہر حلب میں پیدا ہوئے، قاہرہ میں تعلیم اور استنبول میں وفات پائی۔ آپ نے اس پر "تحفۃ الاخیار علی الدر المختار" ۱۱۵۵ھ میں مکمل کی، جس کے دو مخطوطات مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں ہیں، جن میں سے ایک ۱۱۵۵ھ ہی کا کتابت شدہ ہے۔ ادھر دارالکتب مصریہ قاہرہ اور مکتبہ حرم مکی نیز توپ کاپی عجائب گھر، استنبول میں بھی قلمی نسخے موجود ہیں، جب کہ یہ تا حال شائع نہیں ہوئی۔[۷۹]

علامہ سید احمد طحطاوی نے بھی اسی در مختار پر حاشیہ لکھا، جس دوران شیخ ابراہیم حلبی کی مذکورہ بالا تصنیف سے بھر پور استفادہ کیا۔[۸۰]

حاشیہ در مختار کی مقبولیت

علامہ سید احمد طحطاوی کی تصنیفات میں سے حاشیہ در مختار کو عرب وعجم کے فقہاء عظام ومفتیان کرام کے ہاں بطور خاص اعتماد و پذیرائی ملی اور جب سے وجود میں آیا، فقہی مسائل کی تحقیق اور فتویٰ کے اجراء میں اہل علم کے پیش نظر رہا۔ یہاں پر فقہاء کے ہاں اس کی قبولیت کی چند مثالیں پیش ہیں:

۞ علامہ طحطاوی کے معاصر فقیہ جلیل علامہ ابن عابدین دمشقی نے رد المحتار کی تصنیف کے دوران علامہ طحطاوی کے حاشیہ در مختار کو مدنظر رکھا اور اس سے بہت کچھ مدد لی۔ رد المحتار میں آپ نے جہاں بھی بطور حوالہ حرف ''ط'' لکھا، اس سے مراد حاشية الطحطاوی علی الدر المختار ہے۔[۸۱]

۞ سندھ کے روحانی شہر سیہون کے باشندہ، رئیس العلماء مدینہ منورہ، فقیہ حنفی، مسند العصر، نقشبندی مجددی سلسلہ کے مرشد، مولانا محمد عابد بن احمد علی سندھی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۱ء) نے بھی در مختار کی ضخیم عربی شرح بنام ''طوالع الانوار علی الدر المختار''لکھی، جس کے مخطوطات مکتبہ جامعہ از ہر قاہرہ وتوپ کاپی عجائب گھر استنبول میں محفوظ ہیں، جب کہ یہ تاحال شائع نہیں ہوئی۔ آپ علامہ طحطاوی کی وفات کے محض ایک برس بعد ۱۲۳۲ھ کو یمن سے قاہرہ پہنچے، وہاں سے مدینہ منورہ منتقل ہوئے، وہیں پر وفات پائی۔[۸۲]

مولانا عابد سندھی کے عرب سوانح نگار شیخ سائد بکداش حلبی مدنی حنفی حفظہ اللہ تعالیٰ، جنھوں نے طوالع الانوار ملاحظہ کی، آپ لکھتے ہیں کہ مولانا عابد سندھی نے اس کی تصنیف کے دوران علامہ طحطاوی کے حاشیہ در مختار سے بکثرت استفادہ کیا۔[۸۳]

۞ علامہ شامی کے فرزند و دمشق کے اہم حنفی عالم، علامہ سید محمد علاء الدین بن محمد امین بن عابدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۰۶ھ/ ۱۸۸۹ء) نے در مختار کی متوسط شرح ''سراج الانوار علی الدر المختار''لکھی۔ جس کا دو جلدوں پر مشتمل قلمی نسخہ چند برس قبل تک مکتبہ حرم مکی میں بخط مولانا محمد عبد الحق الہ آبادی مہاجر مکی بن شاہ محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۵ء) موجود تھا۔[۸۴]

علامہ علاء الدین ابن عابدین نے سراج الانوار کی تصنیف کے دوران حاشیہ طحطاوی سے بھرپور استفادہ کیا۔[۸۵]

۞ لکھنؤ کے مولانا محمد نعیم بن عبد الحکیم بن عبد الرب بن ملک العلماء بحر العلوم عبد العلی لکھنوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء) جو اپنے اجداد کی طرح جلیل القدر عالم دین وفقیہ حنفی نیز قادری سلسلہ کے مرشد کبیر تھے۔آپ نفیس کتب کے حصول میں حد درجہ حریص تھے۔ایک بار آپ کو درمختار پر حاشیہ طحطاوی کے ایک نسخہ کی فروخت کی اطلاع ملی تو آپ نے لکھنؤ کے علاقہ فرنگی محل میں واقع اپنے گھر کو فروخت کردیا،جس سے حاصل ہونے والی رقم سے ساٹھ روپے میں یہ کتاب خرید لی۔[۸۶]

۞ مولانا فقیر محمد جہلمی لکھتے ہیں:

''(مولانا طحطاوی نے) درالمختار کا حاشیہ ایسی تحقیق وتدقیق کے ساتھ تصنیف کیا کہ مقبول انام ہوا اور مصر میں باوجود بڑے حجم وضخامت کے چھپ کر مشتہر ہوا۔ اس کتاب میں آپ نے امام ابوحنیفہ کے مناقب کو اقوال صحیحہ اور روایات مثبتہ سے ثابت کیا ہے''---[۸۷]

۞ مولانا عبدالاوّل جونپوری نے یہ رائے دی:

''(علامہ طحطاوی) نے درمختار کا حاشیہ بڑی تحقیق کے ساتھ لکھا[۸۸] درالمختار پر ان کا ایک ضخیم مستند حاشیہ مشہور ومقبول ومتداول ہے،جس کو علماء و فقہاء نے بہت پسند کرلیا ہے''---[۸۹]

فاضل بریلوی کی کاوش

مولانا احمد رضا خان بن نقی علی خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما (وفات ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) ہندوستان کے شہر بریلی میں پیدا ہوئے،وہیں پر وفات پائی۔فقیہ العصر،قادری سلسلہ کے مرشد،اصولی، متعدد علوم کے ماہر،نعت گو شاعر،استاذ العلماء،عربی،فارسی،اردو میں بکثرت تصانیف ہیں۔فقہ حنفی پر اردو میں ضخیم ''فتاویٰ رضویہ'' اور عربی میں ''جد الممتار علی رد المحتار'' وغیرہ کتب ہیں۔ فاضل بریلوی واعلیٰ حضرت کے القاب سے جانے گئے۔[۹۰]

فاضل بریلوی نے علامہ طحطاوی کے حاشیہ درمختار پر مستقل عربی حاشیہ لکھا،جس کا مخطوط محفوظ

تھا، اب جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور پاکستان کے مدرس وصاحب تصانیف مولانا محمد صدیق ہزاروی حفظہ اللہ تعالیٰ نے حاشیہ فاضل بریلوی پر تحقیق انجام دی اور یہ کتاب ''التعلیقات الرضویة علی حواشی الدر المختار للسید الطحطاوی'' کے نام سے لاہور سے شائع ہوئی۔[۹۱]

اور جامعہ اشرفیہ مبارک پور ہندوستان کے مدرس و صاحب تصانیف مولانا محمد عبد المبین نعمانی قادری حفظہ اللہ تعالیٰ نے اس کے مطالعاتی جائزہ پر اردو مضمون ''امام احمد رضا کی فقہی بصیرت، حاشیہ طحطاوی کی روشنی میں'' لکھا، جو مطبوع ہے۔[۹۲]

حاشیہ مراقی الفلاح کا تعارف

علامہ طحطاوی کی دوسری اہم تصنیف حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح جو فقہی علوم کے طلبہ میں بطور خاص مقبول ہوئی، اس کا ابتدائی تعارف یہ ہے:

قاہرہ کے ہی فقیہ حنفی، شیخ حسن بن عمار شرنبلالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء) نے فقہ حنفی پر ۱۰۳۲ھ میں کتاب ''نور الایضاح و نجاة الارواح'' لکھی[۹۳] جو قاہرہ و کراچی وغیرہ سے بارہا شائع ہوئی اور دینی مدارس کے نصاب میں شامل ہے۔

شیخ حسن شرنبلالی نے خود ہی اس کی شرح بنام ''امداد الفتاح شرح نور الایضاح'' لکھی، جو ۱۰۴۵ھ میں شروع اور ۱۰۴۶ھ میں مکمل کی، جس کے متعدد قلمی نسخے مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں محفوظ ہیں، جن میں سے ایک ۱۰۴۶ھ کا ہی لکھا ہوا ہے[۹۴] اور یہ شیخ بشار بکری عرابی حفظہ اللہ تعالیٰ کی تحقیق وحواشی کے ساتھ ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء میں پہلی بار دمشق سے شائع ہوئی۔[۹۵]

۱۰۵۴ھ میں شیخ حسن شرنبلالی نے خود ہی اسی شرح کو مختصر کر کے ''مراقی الفلاح لامداد الفتاح شرح نور الایضاح و نجاة الارواح'' نام دیا، جس کے قاہرہ وکراچی وغیرہ سے لاتعداد ایڈیشن شائع ہوئے۔

مراقی الفلاح پر قاہرہ کے ہی دو اکابر علماء احناف، فقیہ وصوفی، کنز الدقائق کی شرح ملا مسکین پر مطبوعہ حاشیہ فتح اللہ المعین کے مؤلف نیز الاشباہ و النظائر کے محشی سید محمد ابوسعود بن علی حسینی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (وفات ۱۱۷۲ھ/۱۷۵۸ء) نے حاشیہ بنام ''ضوء المصباح شرح نور الایضاح'' لکھا، جس کے تین مخطوطات مکتبہ جامعہ ازہر قاہرہ میں محفوظ ہیں، جن میں سے ایک ۱۱۸۰ھ کا لکھا ہوا ہے[۹۶] اور شیخ عبد الرحمٰن بن احمد ھلواتی خلوات رحمۃ اللہ تعالیٰ

علیہ (وفات ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء) نے بھی مراقی الفلاح پر حاشیہ لکھا تھا[۹۷] جس کے مخطوط کے بارے میں راقم کو کوئی خبر نہیں۔

علامہ سید احمد طحطاوی نے بھی اسی مراقی الفلاح پر حاشیہ لکھا، جس دوران امداد الفتاح کے علاوہ شیخ سید محمد ابو سعود اور شیخ عبدالرحمٰن خلوات کی مذکورہ بالا کتب سے بطور خاص استفادہ اٹھایا۔[۹۸] اور اب دمشق کے معاصر محقق شیخ بشار بکری عرابی نے امداد الفتاح پر تحقیق انجام دیتے ہوئے اس پر گراں قدر حواشی لکھے، جس دوران حاشیۃ الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح سے بھرپور اخذ کیا۔

سند الطحطاوی اور مولانا مراد آبادی

مولانا سید محمد نعیم الدین بن معین الدین نزہت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما (وفات ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء) ہندوستان کے شہر مراد آباد میں پیدا ہوئے، وہیں پر وفات پائی۔ محدث، مفسر، اصولی، صحافی، قادری سلسلہ کے مرشد، شاعر، تحریک آزادیٔ ہند کے رہنما، آل انڈیا سنی کانفرس کے روح رواں، استاذ العلماء، ماہ نامہ ''السواد الاعظم'' مراد آباد کے بانی، نیز صدر الافاضل کہلائے۔ نظم ونثر پر مشتمل عربی واردو میں پندرہ سے زائد تصنیفات ہیں، فقہی علوم پر مجموعہ فتاویٰ ہے۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا شاہ محمد گل قادری کابلی مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اہم نام ہے۔ نیز مولانا احمد رضا خان بریلوی نے آپ کو خلافت عطا فرمائی۔

مولانا نعیم الدین مراد آبادی کے شاگردوں میں سے اہم نام یہ ہیں:

جمعیت علماء پاکستان کے صدر مولانا سید ابو الحسنات محمد احمد قادری (وفات ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۱ء)، شیخ الحدیث مولانا محمد عمر نعیمی (وفات ۱۳۸۵ھ/۱۹۶۶ء)، صاحب تصانیف کثیرہ مولانا مفتی غلام معین الدین نعیمی (وفات ۱۳۹۱ھ/۱۹۷۱ء)، صاحب تفسیر نعیمی مولانا مفتی احمد یار خان نعیمی (وفات ۱۳۹۱ھ/۱۹۷۱ء)، دار العلوم حزب الاحناف لاہور کے ناظم مولانا سید ابو البرکات احمد قادری (وفات ۱۳۹۸ھ/ ۱۹۷۸ء)، دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور کے بانی، صاحب فتاویٰ نوریہ مولانا محمد نور اللہ بصیر پوری (وفات ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء)، جامعہ نعیمیہ لاہور کے ناظم مولانا مفتی محمد حسین نعیمی (وفات ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۸ء)، صاحب تفسیر ضیاء القرآن مولانا پیر محمد کرم شاہ ازہری (وفات ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۸ء)، شیخ القرآن مولانا غلام علی اوکاڑوی (وفات ۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء) رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین

مولانا مراد آبادی نے اپنے استاذ و مرشد مولانا شاہ محمد گل قادری کے طریق پر اپنے سلسلۂ روایت واسانید پر مستقل عربی کتاب لکھی جو مطبوع اور ''ثبت نعیمی'' کے نام سے معروف ہے۔[۹۹]

مولانا مراد آبادی کا یہ سلسلۂ روایت بعض علوم میں محض چار واسطوں بعد علامہ سید احمد طحطاوی سے متصل ہے، لہٰذا آپ نے سند الطحطاوی کا قلمی نسخہ کھوج نکالا اور اسے ثبت نعیمی میں درج کیا۔ سند طحطاوی کے قلمی نسخے عرب دنیا میں موجود ہیں، جن میں سے بعض کا ذکر گزشتہ صفحات پر آچکا، لیکن راقم السطور کی ناقص معلومات کے مطابق یہ ابھی تک الگ کتاب کے طور پر شائع نہیں ہوئی۔ یوں مولانا مراد آبادی کے توسط سے نہ صرف اہل ہند علامہ طحطاوی کے سلسلۂ روایت پر مطلع ہوئے بلکہ آج تک ثبت نعیمی کی اہمیت اس پہلو سے برقرار ہے کہ سند طحطاوی کے بعض مندرجات پر مطلع ہونے کا واحد آسان ذریعہ ہے۔

سند طحطاوی کا تعارف

علامہ طحطاوی کی اس مختصر کتاب کے مطبوعہ حصہ میں تین علوم، حدیث وفقہ وسیرت سے متعلق ان کی سات اسناد درج ہیں۔ ابتدائی دو فقہ حنفی کی ہیں، ایک اپنے والد اور پھر ان کے مشترکہ استاذ شیخ احمد حماقی کے طریق پر اور دوسری اپنے سب سے اہم استاذ شیخ محمد حریری کے طریق پر ہے، پھر بالترتیب چار کتب احادیث صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداؤد، جامع الترمذی کی اور آخری سند سیرت وشمائل کی کتاب المواهب اللدنية کی ہے اور یہ دیگر مشائخ کے طریق پر ہیں۔[۱۰۰]

ثبت نعیمی میں یہ ساتوں اسناد شامل ہیں، جب کہ ان میں سے فقہ حنفی کی دوسری سند، علامہ طحطاوی نے خود ہی قدرے مختصر کر کے اپنی دوسری تالیف حاشیہ درمختار کے آغاز میں درج کی، جو اپنے مقام پر مطبوع ہے۔[۱۰۱]

نشر المآثر سے عیاں ہے کہ علامہ طحطاوی نے ''سند الطحطاوی'' میں اپنے تیسرے استاذ شیخ مصطفیٰ طائی کے طریق پر بھی فقہ حنفی کی سند درج کی[۱۰۲] لیکن ثبت نعیمی میں یہ حصہ شامل نہیں۔

سند فقہ حنفی

اب آخر میں علامہ طحطاوی کی ایک سند فقہ حنفی بطور نمونہ پیش ہے، جو ثبت نعیمی نیز حاشیہ درمختار دونوں میں درج ہے اور اسے علامہ طحطاوی کی بجائے ثبت نعیمی کی روشنی میں مولانا مراد آبادی سے شروع کیا ہے، تاکہ قارئین ان دونوں علماء احناف کے درمیان استوار سلسلۂ روایت پر مطلع ہو

سکیں، نیز دور حاضر میں جن اہل علم کا سلسلۂ روایت واسناد مولانا مراد آبادی سے متصل ہے، انہیں اس کے جاننے میں مدد ملے۔

راقم السطور نے اس سند فقہ حنفی کو جدید انداز میں مرتب کرنے کی کوشش کی ہے اور اصل پر جملہ راویان کے اسماء گرامی کی تکمیل، سنین وفات، جائے دفن، متعلقہ شخصیت کی فقہ حنفی پر اہم یا مشہور کتب کے نام، منصب کا ذکر، اضافے کیے ہیں، نیز ہر شخصیت سے متعلق حاشیہ میں ان کتب ورسائل کا ممکنہ حد تک اندراج، کہ جہاں ان اکابرین کے حالات درج ہیں۔

